SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Sunday, May 28, 1989

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament) House), Islamabad, at 5.30 of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

(Recitation from the Holy Quran)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ
وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ۖ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِيْحَهٗ ۗ وَاللّٰهُ
عَلِيْمٌ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿٤١﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ
وَإِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿٤٢﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ
بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ
وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا مِنْ بَرَدٍ فَيُصِيْبُ بِهٖ
مَنْ يَّشَآءُ وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ يَّشَآءُ ۖ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ
بِالْأَبْصَارِ ﴿٤٣﴾ يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۚ إِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً
لِّأُولِي الْأَبْصَارِ ﴿٤٤﴾

سورہ النور (۲۴)

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Sunday, May 28, 1989

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at 5.30 of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

(Recitation from the Holy Quran)

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يُسَبِّحُ لَهُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ
وَالطَّيْرُ صَافَّاتٍ ۖ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهُ وَتَسْبِيحَهُ ۗ وَاللَّهُ
عَلِيمٌ بِمَا يَفْعَلُونَ ﴿٤١﴾ وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ
وَإِلَى اللَّهِ الْمَصِيرُ ﴿٤٢﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يُزْجِي سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ
بَيْنَهُ ثُمَّ يَجْعَلُهُ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلَالِهِ
وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَاءِ مِنْ جِبَالٍ فِيهَا مِنْ بَرَدٍ فَيُصِيبُ بِهِ
مَنْ يَشَاءُ وَيَصْرِفُهُ عَنْ مَنْ يَشَاءُ ۖ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهِ يَذْهَبُ
بِالْأَبْصَارِ ﴿٤٣﴾ يُقَلِّبُ اللَّهُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَعِبْرَةً
لِأُولِي الْأَبْصَارِ ﴿٤٤﴾

سورہ النور (٢٤)

ترجمہ :۔ شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے جو بے حد مہربان اور رحم کرنیوالا ہے
کیا تجھ کو معلوم نہیں ہوا کہ اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں سب کچھ آسمانوں میں اور زمین میں
ہیں اور پرند جو پر پھیلائے ہوئے ہیں سب کو اپنی اپنی دعا اور اپنی تسبیح معلوم ہے
اور اللہ تعالے کو ان لوگوں کے سب افعال کا پورا علم ہے اور اللہ ہی کی حکومت ہے
آسمانوں اور زمین میں اور اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے کیا تجھ کو یہ بات معلوم نہیں
کہ اللہ تعالےٰ بادل کو چلتا کرتا ہے پھر اس بادل کو باہم ملا دیتا ہے پھر اس کو تہ بتہ
کرتا ہے پھر تو بارش کو دیکھتا ہے کہ اس کے بیچ میں سے نکلتی ہے اور اسی بادل سے
یعنی اس کے بڑے بڑے حصوں میں سے اولے برساتا ہے پھر ان کو جس پر چاہتا
ہے گراتا ہے اور جس سے چاہتا ہے اس کو ہٹا دیتا ہے اس بادل کی بجلی کی چمک
کی یہ حالت ہے کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا اس نے بینائی لی اللہ تعالےٰ رات
اور دن کو بدلتا رہتا ہے اس میں اہل دانش کے لیے استدلال ہے۔

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین : جزاک اللہ۔ رخصت کی درخواستیں۔

جناب اختر نواز خان صاحب ذاتی مصروفیات کی بنا پر ۱۸ تا ۲۸ مئی اجلاس میں شرکت نہیں کر سکتے۔ اسلیے انہوں نے ایوان سے ان تاریخوں کے لیے رخصت کی درخواست کی ہے کیا ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : جناب ڈاکٹر بشارت الہٰی ذاتی مصروفیات کی بنا پر ۲۴ مئی کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے اس لیے انہوں نے ایوان سے اس تاریخ کے لیے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : سینیٹر بشیر احمد اجلاس میں ۲۴ اور ۲۵ مئی کو ذاتی مصروفیات کی بنا پر شرکت نہیں کر سکے۔ اس لیے انہوں نے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین :۔ جناب سید عباس شاہ ذاتی مصروفیات کی بنا پر ۲۴ ، اور ۲۵ مئی کو اجلاس میں شرکت نہ کر سکے اسلئے انہوں نے ایوان سے ان تاریخوں کے لیے رخصت کی درخواست کی ہے کیا ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے ۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : اسکے بعد We take up the adjournment motions.

Prof. Khurshid on a point of order.

POINT OF ORDER RE: LEGITIMACY OF THE SENATE AS QUESTIONED BY MRS. NUSSRAT BHUTTO IN A STATEMENT

پروفیسر خورشید احمد : جناب چیئرمین ! ایڈجرنمنٹ موشن سے پہلے دراصل پریولیج موشن آنی چاہیئے اور میں نے نہایت اہم مسئلے سے اوپر پریولیج موشن move کی ہے آپ کے علم میں یہ بات ہے کہ کل محترمہ نصرت بھٹو صاحبہ نے ایک بیان کے اندر یہ بات کہی ہے کہ یہ سینیٹ Un-Constitutional ہے Constitutional sanction نہیں رکھتا اسکے ممبر legitimate نہیں ہیں اور ان افراد کو resign کرنا چاہیئے ۔

جناب والا ! آپ کے علم میں یہ بات ہے کہ اس سے پہلے ایوان میں گفتگو ہوئی ہے اور وزیر عدل وانصاف نے اس بات کی assurance دی تھی اس solemn House کے اندر، کہ legitimacy of the Senate جو ہے اس کے بارے میں گورنمنٹ کی پالیسی بالکل یہ ہے کہ وہ اسکو question نہیں کرتی اور یہ ہاؤس ہماری نگاہ میں دستور، قانون کے بالکل مطابق ہے اس کے علاوہ جناب جو بات کہی گئی ہے وہ اس پہلو سے بھی بڑی قابل اعتراض ہے کہ جس ۳،۷ کے آئین کا سہارا لیا جا رہا ہے اگر فی الحقیقت یہی زبان یہی انداز اور یہی اسلوب اختیار کرنا ہے دلائل کا، تو جناب والا ! آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ جس اسمبلی نے وہ دستور بنایا تھا وہ اسمبلی پاکستان کا دستور بنانے کے لیے نہیں بنائی گئی تھی وہ متحدہ پاکستان کی اسمبلی تھی بات پھر بہت دور تک پہنچے گی آپ کے علم میں یہ بات بھی

[Prof. Khurshid Ahmed]

ہے کہ party-less بنیاد پر الیکشن میں حصّہ لینے کے لیے محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ نے یہ
بات کہی تھی کہ انتخابات ۱۹۸۸ء میں خواہ وہ جماعتی ہوں یا غیر جماعتی بنیاد پر ہوں ہم لازماً حصّہ
لیں گے۔ تو کیسے legitimacy باقی نہیں رہتی۔ اس کے بعد ان بودے اور سستے دلائل
کے اوپر بار بار سینیٹ پر جو حملے کئے جا رہے ہیں یہ سینیٹ کے پریولیج کے خلاف ہے بالکل،...

جناب چیئرمین: پروفیسر صاحب! آپ کی یہ تحریک ہمیں دفتر میں ملی ہے۔

But we have not been able to examine it so far. Today I don't think we will have time to take up this privilege motion because we have another motion in hand which will take some time, and today I would like to finish that business. So, you can see me in my Chamber on this question. We can discuss this in the Chamber because we have not yet had the opportunity to examine it and we can't take it up before examining it.

Mr. Muhammad Ali Khan: Point of order, Sir. Mr. Chairman, if you defer this it will lose its importance. So, I personally I feel that if you give about five minutes for discussion.

Mr. Chairman: I don't think it will be possible today Muhammad Ali Sahib. We will take it up in its course. We first have to examine it from the point of view of admissibility in the office and then we will take it up.

Mr. Muhammad Ali Khan: Right, Sir.

Mr. Chairman: So, today we don't have the time for this.

پروفیسر خورشید احمد: آپ کی difficulty کو ہم محسوس کرتے ہیں اور ہم ہمیشہ
cooperate کرتے رہے ہیں لیکن چونکہ ہمیں یہ خطرہ ہے کہ آج یہ سیشن prorogue
نہ ہو جائے اور بدقسمتی سے آج ہی کے اخبارات میں یہ چیز آئی ہے اور اس نے دوبارہ، اس لڑائی کو
جو بڑے خوبصورت انداز میں وزیر عدل کے اعلان کے بعد ختم ہو گئی تھی اور ہم نے کہا تھا کہ اسی
spirit سے ہم تعاون کرتے ہیں کوئی بات نہیں ہے، ایک بار پھر اس لڑائی کو شروع کر دیا
گیا ہے ان لوگوں کو سمجھنا چاہیئے کوئی حد ہوتی ہے سیاسی معاملات کی ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Chairman: We will take it up according to the rules.

پروفیسر خورشید احمد : بہرحال ہم اپنا احتجاج protest جو ہے وہ ریکارڈ کرانا چاہتے ہیں اور حکومت کو متوجہ کرنا چاہتے ہیں کہ وہ اپنا رویہ بدلے اس معاملے کے اندر اور جو understanding ہوئی ہے اس کو باقی رکھنا دونوں جانب سے بڑا ضروری ہے ۔

جناب شاد محمد خان : جناب چیئرمین ! میں نے بھی ایک تحریک دی ہوئی تھی وہ ابھی تک نہیں آئی ۔

جناب چیئرمین : اسی مسئلے پہ ؟

جناب شاد محمد خان : نہیں جی وہ علیحدہ ہے ۔

جناب چیئرمین : دفتر میں under process ہو گی ۔ اور اگر مجھے دفتر میں مل لیں تو . . . .

جناب شاد محمد خان : ٹھیک ہے جناب ۔

میر حسین بخش بنگلزئی : جناب چیئرمین ! آپ کے توسط سے میں یہ بات عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ پروفیسر خورشید صاحب نے جو motion move ہے پورے ہاؤس کی آواز ان کے ساتھ ہے ۔ I will second it.

Mr. Chairman: When we take it up we will consider this in depth.

ADJOURMENT MOTIONS

Mr. Chairman: Adjournment motion No. 26 by Prof. Khurshid Ahmed.

(i) RE: PURCHASE OF A BOOK WRITTEN BY MOHTARMA BENAZIR BHUTTO

پروفیسر خورشید احمد : بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ جناب چیئرمین ! ایک اخباری اطلاع کے مطابق ، اور میں اضافہ کر رہا ہوں کہ اب اخبارات میں اس اصل خط کی فوٹوسٹیٹ کاپی بھی شائع ہو چکی ہے ، وزارت صنعت نے پیپلز پارٹی کی چیئرپرسن کی ڈیڑھ سال پرانی کتاب "Benazir, the way out" خریدنے کے لیے سرکاری کارپوریشنوں کو ہدایت کی ہے ، اس بات سے علی الرغم کہ سرکاری خزانہ خالی ہونے کی صبح و شام دہائی دی جا رہی ہے سرکاری خزانے

[Prof. Khurshid Ahmed]

کو استعمال کیا جا رہا ہے ایک ایسی سیاسی کتاب کی خرید کے لیے اور دس کارپوریشنوں کو ایک ہزار کتاب خریدنے کے لیے کہا گیا ہے، تقریباً ڈیڑھ لاکھ سے زاید رقم جس پر خرچ ہو گی وزارت صنعت کے علاوہ دوسرے محکموں کو بھی اس کی خریداری کے لیے کہا جا رہا ہے۔ اس لیے میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ ایوان کی معمولی کی کارروائی روک کر اس اہم اور فوری مسئلے پر سینیٹ میں بحث کی جائے۔

جناب چیئرمین: ۔ اس میں پروفیسر صاحب ہمیں ایک خط موصول ہوا ہے from the Ministry of Commerce کہ جو متعلقہ وزیر ہیں وہ وزیر اعظم کے ساتھ ترکی اور ایران تشریف لے گئے ہیں اور انہوں نے درخواست کی ہے کہ اس کو مؤخر کیا جائے۔ اگر آپ کی اجازت ہو تو ۔ ۔ ۔

پروفیسر خورشید احمد: ۔ اگر اس کو اجلاس کے prorogue ہونے کی وجہ سے ختم نہ کیا جائے alive رکھا جائے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے ۔ ہم موقع دیں گے کہ وہ آئیں۔

جناب چیئرمین: ۔ ویسے پتہ نہیں پریکٹس اور رولز کیا ہیں۔

I would examine that but in any case you can repeat it.

پروفیسر خورشید احمد: ۔ بات یہ ہے کہ قاعدے کے مطابق یہ lapse ہو جائے گی اس لیے کہ اس کے لیے first opportunity پر لانا ضروری ہوتا ہے لیکن آپ کو اور ایوان کو حق ہے اس بات کا It is now property of the House. اور اس پر ہم ڈسکس کر لیں گے وزیر متعلقہ کے آنے پر۔

Mr. Chairman: We will keep it pending.

پروفیسر خورشید احمد: ۔ مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے ۔

Mr. Chairman: Next adjournment motion is 29 by Prof. Khurshid Ahmed. 'Allocation of Quota for the Provinces for admission in the Islamabad Model Schools'.

(ii) RE: ALLOCATION OF QUOTA FOR THE PROVINCES FOR ADMISSION IN THE ISLAMABAD MODEL SCHOOLS

پروفیسر خورشید احمد: بسم اللہ الرحمن الرحیم - جناب چیئرمین! اسلام آباد میں ماڈل سکولز یہاں کے شہریوں اور ملازمین کے بچوں کے لیے قائم کیے گئے تھے موجودہ حکومت نے ان میں ستر فیصد نشستیں ایک خاص صوبے کے افراد کے لیے مخصوص کر دی ہیں۔ جس کی وجہ سے مقررہ وقت پر لوگوں کو اپنے بچوں کے داخلے کا علم نہ ہو سکا۔ حکومت کی اس پالیسی سے اسلام آباد میں پائی جانے والی بے چینی کے پیش نظر سینیٹ کی معمول کی کارروائی روک کر اس مسئلے پر فی الفور بحث کی جائے۔

Mr. Chairman: Is it being opposed ?

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Opposed.

Mr. Chairman: Brief statement on the admissibility, Prof Khurshid Ahmed.

پروفیسر خورشید احمد: میں جناب اس وقت اس کی admissibility پر بات کروں گا۔ اسلام آباد میں دراصل پاکستان کے چاروں صوبوں کے لوگوں کا اور اسلام آباد میں رہنے والوں کا حق ہے۔ یہاں وہ پالیسی چلنی ہے جسے مرکزی حکومت طے کرے۔ جناب والا! وزیر تعلیم ہم سب کے لیے بہت محترم ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ میرے لیے تو ذاتی طور پر بیحد محترم ہیں۔ مجھے اس کالج میں پڑھنے کا موقع ملا ہے جس کے وہ پرنسپل تھے اور ذاتی شفقت اور عنایات ان کی مجھ پر ہمیشہ رہی ہیں۔ اور میں اس کا بے حد معترف ہوں۔ اور میں کبھی بھی تصور نہیں کر سکتا کہ کوئی بات میں ان کی ذات کے خلاف کروں۔ لیکن میرا قومی فرض ہے کہ جو پالیسیز اختیار کی جائیں ان پر احتساب ضرور کیا جاتے۔ جناب والا! یہ بات اسلام آباد کے تمام اخبارات میں آگئی ہے اس کے سلسلے میں جو سرکولرز ہیں وہ لائے جا چکے ہیں کہ ماڈل سکولز کے اندر ایک خاص تناسب منسٹر کے لیے ایک تناسب سیکرٹری کے لیے اس کے بعد چاروں صوبوں کے لیے اس طریقے سے مقرر کیا گیا ہے کہ اس کے نتیجے کے طور پر اسلام آباد کی آبادی کو شدید مشکلات پیش آ رہی ہیں میرے پاس دس بارہ افراد ذاتی طور پر آئے جن کے بچوں کو داخلہ نہیں مل سکا۔ انہوں نے جا کر انتظامیہ سے بات چیت کی۔ انتظامیہ نے کہا ہم مجبور ہیں اس لیے کہ ہمیں instructions اوپر سے ملی ہیں کہ اس طریقے سے آپ کو داخلہ کرنا ہے جس کے نتیجے کے طور پر میرٹ کی بنیاد پر اور اس سے پہلے جو ضابطہ تھا اس کے مطابق جس طرح داخلے ہوتے تھے انہیں ختم کرنا پڑا لیسٹ

[Prof. Khurshid Ahmed]

راتوں رات بدلی گئیں اور اس سے لوگوں کو بے حد تکلیف ہوئی۔

یہ ہے مسئلہ۔ اب آپ دیکھ لیجئے کہ یہ مسئلہ مرکزی حکومت سے متعلق ہے۔ یہ مسئلہ ایک ایسا مسئلہ ہے کہ جس پر اسلام آباد کی آبادی ان کے بچوں کی آئندہ تعلیم متاثر ہوتی ہے یہاں وہ لوگ سکون اور چین کے ساتھ زندگی نہیں گزار سکتے اگر ان کو اپنے بچوں کی تعلیم کے لیے مواقع نہ ملیں۔ یہ قومی اہمیت کا اہم مسئلہ ہے اس کا تعلق مرکزی حکومت سے ہے اور جو مسائل پیدا ہوئے ہیں وہ مرکزی وزارت تعلیم کے ڈائرکیٹو کی بنا پر پیدا ہوئے ہیں۔ وہ ڈائرکیٹو جنہیں باقاعدہ حکومت کی طرف سے متعلقہ سکولوں میں پہنچایا گیا اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ یہ فوری مسئلہ ہے یہ قومی مسئلہ ہے اور مرکزی حکومت سے متعلق ہے اس لیے اس کو ضرور آپ admit فرمائیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ جی۔ جی جناب ڈاکٹر صاحب۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب چیئرمین! دارالخلافہ کی وجہ سے یہ کہہ دینا کہ یہ ملکی مسئلہ بن چکا ہے کہ اسلام آباد کے سکولوں میں چند بچوں کو اگر داخلہ نہیں ملا ہے اور اس طریقے سے اس پر ایک general public interest matter label کر دینا قرین قیاس نہیں ہے۔ ایک بات۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہ تحریک التوا حقائق پر مبنی نہیں ہے۔ بچوں کے داخلوں کے لیے باقاعدہ اصول موجود ہیں رولز موجود ہیں۔ قاعدہ موجود ہے۔ پھر اس کے لیے خاص common law of administration موجود ہے جس کی بنیاد پر داخلے ہوتے ہیں پھر سب سے جو بنیادی بات ہے تو میں اس معزز ایوان کے ایک فیصلے کی طرف جو اسی قسم کے خاص مسئلے پر اٹھایا گیا تھا ایک حوالہ دینا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: آپ کا فرمانا یہ ہے کہ یہ اخباری اطلاع غلط ہے کہ کوٹے نکس کیے گئے ہیں اور اس طریقے سے کیے گئے ہیں؟

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جو کچھ ہو رہا ہے وہ قانون قاعدے کے تحت ہو رہا ہے اس کے لیے ریگولیٹری میکنزم موجود ہے۔ اس کے لیے ایڈمنسٹریشن موجود ہے۔

جناب چیئرمین: میکنزم تو موجود ہے۔ میں صرف حقائق کی بات کر رہا ہوں کہ کیا آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ اخبار میں جو اطلاع آئی ہے کہ ستر فیصد ریزرو ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: یہ غلط ہے ستر فیصد والی بات مفروضے پر مبنی ہے۔

جناب چیئرمین :- زیادہ بحث کرنے کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ اگر غلط ہے تو۔۔

(مداخلت)

پروفیسر خورشید احمد :- صرف اتنا بتا دیں کہ صحیح بات کیا ہے۔ اگر ستر فیصد درست نہیں ہے تو ٹھیک کیا ہے۔ بتا دیں۔ ہم مان لیں گے۔۔۔۔

(مداخلت)

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :- اگر سننا پسند فرمائیں تو میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین :- اگر آپ حقائق کی صحت سے انکار کر رہے ہیں۔

that is the end of the matter, then you would not go further into the matter.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :- جی ہاں۔ دوسری میں یہ بھی گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ اسی معزز ایوان کا ایک فیصلہ ہے۔ ایک تحریک التواء ہے۔۔۔۔

جناب چیئرمین :- فیصلہ تو اب بھی آجائے گا۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :- میں quote کرنا چاہتا ہوں اگر آپ مناسب سمجھیں۔

جناب چیئرمین :- جی کریں۔ فرمایئے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :- صفحہ ۸ پر تحریک التوا ہے۔ نمبر ۲، آپ ملاحظہ فرمائیں کہ یہاں پر ایک تحریک التواء پیش کی گئی کہ لڑکیوں یا عورتوں کی ہاکی ٹیم باہر بھیجی جا رہی ہے اس بنیاد پر ساری قوم اس کے بارے میں متفکر ہے ہیجان کی کیفیت پیدا ہو چکی ہے۔ لہٰذا اس کو تو آپ ملاحظہ فرمائیں کہ اس وقت کے جناب چیئرمین نے یہ فرمایا کہ آپ اگر، یہ پیراگراف third ہے اس کا,

"When we read between the lines, the text of the motion appears to indicate, and the allegation admittedly is, that the decision has hurt the feelings of "sensitive Muslims"......"

اور یہاں پر انہوں نے کہا ہے کہ اسلام آباد کی بات ہے اور اسلام آباد کے لوگوں کی پریشانی ہے اسی طریقے سے differentiate sensitive Muslims کی ایک کلاس کر دی گئی تو اسی طریقے سے اسلام آباد کا یہ مسئلہ ہے تو

[Dr. Sher Afgan Khan Niazi]

" .....in other words not of the whole Ummah", not of the whole nation of Pakistan

بنیادی طور پر یہ ایک علاقے کا مسئلہ ہے جو کہ general public importance کھلا ہی نہیں سکتا۔ اس لحاظ سے میں عرض کروں گا کہ اسے rule out of order فرمائیں۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! محترم وزیر پارلیمانی امور نے جو دلائل دیئے ہیں حقیقت یہ ہے کہ وہ اتنے irrelevant اتنے بودے ہیں کہ ہمیں شرم آتی ہے کہ انہوں نے ایوان میں ایسی باتیں کہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: مجھے شرم آتی ہے یہ باتیں آپ سے سن کر۔ آپ ایسی باتیں کرتے ہیں جو کسی قاعدے میں نہیں ہیں۔ ابھی تحریکِ استحقاق کی شکل میں آپ کو اجازت نہیں ملی۔ آپ نے تقریر جھاڑ دی ہے۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر صاحب آپ کو موقع ملے گا۔ اس وقت cross-talk نہ کریں۔

پروفیسر خورشید احمد: میں قاعدے قانون کو اچھی طرح جانتا ہوں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: کون سے قاعدے کے تحت۔۔۔۔

(مداخلت)

پروفیسر خورشید احمد: جو بات میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ اگر فی الحقیقت یہ اخباری اطلاع حقائق پر مبنی نہیں ہے تو متعلقہ وزیر کو ایوان میں وضاحت کرنی چاہیئے کہ یہ بات درست نہیں ہے، قواعد یہ ہیں۔ میں نے مطبوعہ اخباری اطلاع کی بنیاد پر اور لوگوں کی لائی ہوئی شکایات کی بنیاد پر یہ بات پیش کی۔

جناب چیئرمین: شکریہ!

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: بہرحال لوگ کیا۔۔۔ جناب چیئرمین میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بارہ آدمی دس کروڑ انسانوں کی نمائندگی کرتے ہیں کہ ان کے لیے ساری امہ کو فکر لاحق ہو گئی۔

پروفیسر خورشید احمد: امت تو ایک ملین ہے۔

Mr. Chairman: Thank you. Well, I give my ruling on this. Senator Prof. Khurshid Ahmed has given notice of an adjourn-

ment motion which seeks to discuss a news item published in the Daily Jassarat of 16th of April, 1989 according to which the quota has been fixed for various students seeking admission to Islamabad Model Schools by the Ministry of Education. According to this report 17% of the quota has been reserved for students belonging to Sind province, 40% of the quota for the Minister himself and 20% of the quota for the Secretary of the Ministry of Education.

The honourable Senator, in support of his adjournment motion, has argued that the matter is of public importance and pertains to the functions of the Federal Government. He also contends that the problems have arisen because of the directive issued by the Federal Government.

The honourable Minister of State for Parliamentary Affairs, Dr. Sher Afgan has opposed the adjournment motion. According to him, there are laid down rules and procedure for admission to Islamabad Colleges and in particular he states that the adjournment motion is based on an information which is factually incorrect.

On perusal of the newspaper report, at the end of the report it appears that according to the correspondent the Minister for Education had claimed that no quota had been fixed and that admissions would be made on the basis of the open merit.

In view of the fact that the Minister of State for Parliamentary Affairs has denied the truth of the allegation made in the newspaper and also because the newspaper itself carries a report that the Minister had denied the truth of this allegation, I find that this adjournment motion is out of order. It is accordingly ruled out of order in accordance with the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988.

Next adjournment motion is No. 36. This is regarding non-supply of material for preparation of national identity cards.

(iii) RE: NON SUPPLY OF MATERIAL FOR PREPARATION OF NATIONAL IDENTITY CARDS

پروفیسر خورشید احمد : روزنامہ "جسارت" کراچی کی ایک خبر کے مطابق گزشتہ کئی ماہ سے حیدرآباد میں شناختی کارڈوں کی تیاری میں استعمال ہونے والے سامان اور پلاسٹک کی نایابی کے باعث شناختی کارڈ بنانے کا کام بند پڑا ہے مرکزی حکومت کی عدم دلچسپی کے باعث اس علاقے کے لوگ سخت پریشانیوں کا شکار ہیں اور اس لیے میں اس فوری نوعیت کے مسئلے کو سینیٹ کے اجلاس میں زیر غور لانے کے لیے تحریک التواء پیش کرتا ہوں۔

Mr. Chairman: Is it being opposed ?

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Opposed.

پروفیسر خورشید احمد : ۔ جہاں تک اس کی ایڈمیسیبلیٹی کا تعلق ہے جناب والا! شناختی کارڈ جاری کرنے کا کام مرکز کی ذمہ داری ہے اگر اس میں کوئی معمولی تساہل ہو جائے تو وہ ایک routine کی چیز ہو گی لیکن اگر ایک چیز persist کرے اور اس کے نتیجے کے طور پہ ایک علاقے کے لوگوں کے لیے مسائل پیدا ہوں تو میں سمجھتا ہوں جناب والا! وہ ایک قومی اہمیت کا مسئلہ بن جاتا ہے اس لیے یہ بات کہنا کہ کوئی مسئلہ قومی اہمیت کا صرف اس وقت ہوتا ہے جب وہ پورے دس کروڑ افراد کو متاثر کرے تو میرا خیال ہے کہ یہ کوئی بہت ہی معقول چیز نہیں ہے ملک کی آبادی کے کسی علاقے کو بھی، کچھ افراد کو بھی اگر کوئی مسائل درپیش ہوتے ہیں اور وہ مسائل ایسے ہیں کہ ان سے ان کی اجتماعی زندگی متاثر ہو رہی ہے ان کی سیاسی ساکھ متاثر ہو رہی ہے تو اس کو قومی اہمیت کا مسئلہ شمار کیا جائے گا۔

جناب والا! میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ قرآن نے ہمیں یہ اصول دیا ہے کہ اگر ایک فرد کو ناحق مارا جائے تو یہ گویا کہ پوری انسانیت کا قتل کرنا ہے قرآن نے یہ نہیں کہا کہ صرف ایک آدمی کی جان جا رہی ہے اس لیے کوئی بات نہیں مثلاً ایک فرد کا مسئلہ نہیں۔ اگر ناحق ایک آدمی کی جان جا رہی ہے تو تو یہ گویا کہ پوری انسانیت کا قتل ہو گا۔ جناب والا! اگر کسی شہر میں فساد ہوتا ہے اور ۵، ۶ افراد خدانخواستہ مارے جاتے ہیں تو محض یہ کہہ کر کے کہ ۵، ۶ افراد متاثر ہوئے ہیں یہ نہیں کہا جاتا کہ قومی اہمیت کا مسئلہ نہیں ہے آپ کو معلوم ہے کہ اسلام آباد میں رشدی کی کتاب کے سلسلے میں جلوس نکلا تھا اس میں چھ افراد شہید ہوئے تھے لیکن وہ ایک قومی مسئلہ تھا محض یہ بات کہ صرف ایک علاقے میں یہ واقعہ ہوا ہے اس لیے اسے ایک قومی مسئلہ نہ قرار دیا جائے یہ بات درست نہیں ہے اس لیے میں عرض کروں گا کہ یہ ایک قومی مسئلہ ہے اس کا تعلق مرکزی حکومت سے ہے اور اس کی وجہ سے لوگوں کو شدید مشکلات پیش آ رہی ہیں اور یہی وجہ ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ اس کے اوپر یہاں غور ہونا چاہیئے، شکریہ!

جناب چیئرمین : ۔ شکریہ! جی ڈاکٹر صاحب۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : ۔ جناب چیئرمین ! پروفیسر صاحب نے یہ بجا فرمایا کہ ایک انسان کا قتل پوری انسانیت کا قتل ہے قرآن کریم میں یہ چیزیں بتائی گئی ہیں لیکن میں عرض کروں گا کہ اس کی relevancy یہاں بنتی ہے یا نہیں اور وہ مجھ سے زیادہ سمجھدار ہیں کہ اس کا اس حیدر آباد شہر سے کوئی تعلق ہے شناختی کارڈ بنانے کے ضمن میں اور انہوں نے خود اپنی اس تحریک التوا میں حیدر آباد شہر کو لکھ کر اسے رد کر دیا۔ یہ ایک مقامی مسئلہ ہے یہ صوبائی مسئلہ بھی نہیں ہے حیدر آباد شہر کے رجسٹریشن آفس میں پلاسٹک اور دیگر سامان ختم ہو جاتا ہے تو اس سے کون سی قیامت ٹوٹ پڑتی ہے کونسی انسانیت قتل ہو رہی ہے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ صوبائی مسئلہ بھی نہیں ضلعی انتظامی سطح پر ایک چھوٹا سا مسئلہ ہے جس کی کوئی حیثیت نہیں urgency اس میں نہیں ہے، پبلک جنرل انٹرسٹ اس میں نہیں ہے، پبلک امپارٹمنس نہیں ہے It, in any way, does not stand as such. اور پروفیسر صاحب نے فرمایا کہ اس دن وہاں پر سامان نہیں تھا ممکن ہے ایک آدھ روز کے لیے سامان پہنچتے ہوئے رستے میں کوئی ٹائم لگ گیا ہو لیکن اب آپ پتہ کریں کہ وہاں سامان ہے یا نہیں شناختی کارڈ جاری ہو رہے ہیں، کام جاری و ساری ہے دفاتر چل رہے ہیں routine کا کام ہے ایسی کوئی صورت حال نہیں ہے حیدر آباد میں یہ ایک شہر کا مسئلہ ہے لہٰذا میں آپ سے استدعا کروں گا کہ اس نوعیت کے مسئلے کو ضلع کونسل میں تو پیش ہو جانا چاہیئے یونین کونسل میں ٹاؤن کمیٹی میں یہ پیش ہونے کے قابل ہے لیکن میں استدعا کروں گا کہ یہ اس ایوان میں پیش ہونے کے قابل نہیں ہے ۔

جناب چیئرمین : اس وقت کوئی shortage نہیں ہے کام چل رہا ہے ۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : کوئی shortage نہیں ہے کام چل رہا ہے ۔

Mr. Chairman: Right.

Senator Prof. Khurshid Ahmed has sought leave to move an adjournment motion based on a report appearing in the Daily 'Jassarat' dated 17th April, 1989 according to which because of alleged shortage of material of plastic sheets and other materials which go into the making of National Identity Cards, the work of preparation of cards was held up in Hyderabad area. The honourable Senator in support of his adjournment motion has contended that the matter pertains to the Federal Government and is a matter of public importance because it relates to the

[Mr. Chairman]

printing of the Identity Cards which are essential for the establishment of identity of the citizens of the country.

Dr. Sher Afgan, Minister of State for Parliamentary Affairs has opposed the adjournment motion and according to him the matter is purely local problem and it is not a matter of Provincial nature. Moreover, it is not a matter of urgent nature because shortage of material takes place over a period of time and not overnight, it is not a matter which has arisen all of a sudden. He has also stated that at the moment there is no shortage of material and the production of identity cards is proceeding according to normal routine.

In view of the statement of the honourable Minister of State for Parliamentary Affairs and particularly the statement by which he has denied the truth of allegations and also the fact that this is not a matter of an urgent importance as shortage takes place over a period of time, I hold the adjournment motion out of order.

I think after this there was a pending matter. We will take up that and that was relating to daily 'Markaz' the other mover is here, Mr. Muhammad Tariq.

FURTHER DISCUSSION ON THE ADMISSIBILITY OF AN ADJOURNMENT MOTION RE: BURNING OF THE OFFICE OF THE DAILY 'MARKAZ', ISLAMABAD

جناب چیئرمین : طارق چوہدری صاحب، روزنامہ "مرکز" کے بارے میں جناب جاوید جبار صاحب نے بیان دیا تھا اور انہوں نے کہا ہے کہ تحقیقات ہو رہی ہے اس وقت تک حکومت کی کوئی ذمہ داری سامنے نہیں آئی investigation چل رہی ہے حکومت کی جو ذمہ داری ہے۔ کہ تحقیقات ہو۔ جلدی ہو جو بھی اس میں ملوث ہے اس کے خلاف کارروائی کی جائے تو اس بیان کے پیش نظر میں نے سوچا تھا کہ آپ موجود ہوں تو آپ کے بھی جو اس مسئلے میں views ہیں وہ لے لیے جائیں کہ اس کی ایڈمیسبلٹی کیسے بنتی ہے اس بیان کے پیش نظر، یہ "مرکز" کے دفتر پر جو حملہ ہوا تھا اس ضمن میں میں عرض کر رہا ہوں۔

جناب محمد طارق چوہدری : جناب چیئرمین ! ان کے بیان کی روشنی میں فیصلہ تو آپ کریں گے لیکن "مرکز" کے دفتر پر حملہ ایک تو یہ کہ "مرکز" اخبار براہِ راست ہماری پارلیمنٹ بلڈنگ سے صرف آدھے کلومیٹر کے فاصلے پر ہے اسلام آباد میں واقع ہے اور اسلام آباد کے اندر ہونے والا کوئی بھی ایسا امن و امان کا مسئلہ براہِ راست مرکزی حکومت کی ذمہ داری

ہے اور اس میں سب سے اہم پہلو یہ ہے کہ اسلام آباد میں ہونے والا واقعہ براہِ راست مرکزی حکومت کی ذمہ داری ہے دوسری چیز یہ ہے کہ اس کی اہمیت یہ ہے کہ جناب یہ اخبارات کی آزادی پر حملہ ہے کوئی اخبار آپ کے ساتھ اختلاف رائے کرے اور کوئی آرگنائزیشن ۲۵، ۳۰ آدمیوں کو اس کی سرکوبی کے لیے بھیج دے یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان کی protection کرے۔

تیسری چیز یہ ہے کہ ایوان صدر اور اسلام آباد پارلیمنٹ سے صرف چند قدم کے فاصلے پر اتنا بڑا واقعہ ہوا اور کئی منٹ تک توڑ پھوڑ ہوتی رہے اور یہاں کا حساس نظام ان لوگوں کو آسانی سے بھاگ جانے دے ان کو پکڑے نہیں۔ یہیں سے دال میں کچھ کالا نظر آتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ ہم نے فوری طور پر اس کو ایوان میں پیش کیا ہے تاکہ اس مسئلے پر بحث ہو اور ہم اس کا تدارک بھی کریں اور حکومت آئندہ کے لیے چوکس بھی ہو اور ہمیں یقین دہانی بھی کروائے کہ اس کی طرف سے دانستہ یہ سب کچھ نہیں ہوا ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ جی فصیح اقبال صاحب آپ انفارمیشن کمیٹی کے چیئرمین ہیں لہٰذا I give you the floor to explain the position.

سید فصیح اقبال: پوائنٹ آف آرڈر۔ وزیر موصوف شاید موجود نہیں تھے اس وقت کیبنٹ میں تھے میں نے عرض کیا تھا کہ یہ فوری کارروائی کرنے کا مسئلہ ہے اس لیے کہ اگر اسلام آباد کی انتظامیہ فیل ہو چکی ہے اس میں کسی قسم کی انکوائری یا انویسٹی گیشن کی ضرورت نہیں تھی فوری طور پر لوگوں کو گرفتار کرنا چاہیے تھا انہی حالات میں کل اخبار میں آیا ہے کہ "نوائے وقت" کے دفتر میں بھی کچھ ہلڑبازی ہوئی ہے اور ان کے دفتر میں بھی انہوں نے کچھ توڑ پھوڑ کی ہے ....

جناب چیئرمین: نوائے وقت کا مسئلہ علیحدہ ہے۔

سید فصیح اقبال: اسی اسلام آباد میں۔ میرا کہنے کا مطلب یہ ہے ....

جناب چیئرمین: یعنی جو بھی چیز اسلام آباد میں ہوتی ہے وہ ایڈجرنمنٹ موشن بن جاتی ہے۔

سید فصیح اقبال: نہیں جناب۔ اگر اسلام آباد میں اخبارات کی آزادی کا مسئلہ ہے یہ فوری اہمیت کا مسئلہ تھا اس میں ان کا یہ کہنا کہ اسلام آباد کی انتظامیہ نگہداشت کر رہی ہے اور

[Syed Faseih Iqbal]

انکوائری ہو رہی ہے اس میں ان کو فوری طور پر حرکت میں آنا چاہیئے تھا جس طرح کوئٹہ میں ایک واقعہ ہوا تھا شام تک ان لوگوں کو پولیس نے پکڑ لیا تھا جن لوگوں پر شک تھا اس سلسلے میں پولیس کی موجودگی میں رات کو ۲ بجے ایک گھنٹے تک توڑ پھوڑ ہوا اور یہاں کی انتظامیہ کو نہ پتہ چلے ہم نے کہا تھا کہ انتظامیہ کی مذمت کرنی چاہیئے اور وزیر موصوف کو تو اخبار کا ساتھ دینا چاہیئے نہ کہ انہوں نے انتظامیہ کی ایک بریف پڑھ دی اور کہا کہ حکومت اور پولیس نے یہ کہا ہے اور پولیس والے پہنچے یہ تو ان کا فرض ہے عام طور پر اگر کوئی واقعہ ہو جائے تو پولیس کا فرض ہے کہ on the spot پہنچے متعلقہ وزیر اگر پہنچے ہیں تو ہم ان کے بڑے مشکور ہیں لیکن یہ کہنا کہ اس کی جب انکوائری ہو گی اور جب رپورٹ آئے گی تو آپ کو پیش کی جائے گی میرا خیال تھا کہ یہ بہت بڑا اہم مسئلہ تھا اس میں ان کو یقین دہانی کرانی چاہیئے تھی فوری طور پر اس سلسلے میں حکومت کچھ اقدام کرے گی جس سے باقی اخبارات کے سلسلے میں بھی اس کا تدارک ہو ۔ ۔ ۔

جناب چیئرمین : شکریہ ! (مداخلت) جی میرے خیال میں کافی ہو گیا ہے بنیادی سوال کا جواب مجھے ابھی تک نہیں ملا کہ اس میں گورنمنٹ کی responsibility کیسے بنتی ہے ۔

پروفیسر خورشید احمد : میں یہی تو عرض کر رہا ہوں چونکہ یہ رپورٹ ابھی تک نہیں آئی ہے بجائے اس کے کہ اس معاملے میں آپ فوری طور پر رولنگ دیں آپ حکومت سے کہیں کہ وہ اس سلسلے میں رپورٹ دیں ۔

جناب چیئرمین : ایڈجرنمنٹ موشن کی رولنگ ان کے رولز پر ہو گی اس کے علاوہ

if you want to take it up in the Committee, it is a different matter.

پروفیسر خورشید احمد : یہ تو آزادی صحافت کا معاملہ ہے اتنا آسان نہیں ہے ۔

Mr. Chairman: Thank you.

I think we have had enough debate on this. Senators Prof. Khurshid Ahmed, Maulana Sami-ul-Haq and Mr. Muhammad Tariq Chaudhary have sought leave to move an adjournment motion based on a reported attack by about 30 persons on the office of the daily 'Markaz' in Islamabad. According to the press reports the assailants who were carrying dangerous weapons raided the office of the newspaper and destroyed part of its machinery,

furniture and news-print. It has been stated in the adjournment motions that the raiders were chanting pro-PPP slogans saying that they would destroy all those who would write against PPP. In support of the adjournment motion the honourable movers have contended that the matter pertains to the responsibility of the Federal Government as the incident has taken place in Islamabad, only half a kilometer away from the Parliament House, and, therefore, calls for the interference by the Senate. It has also been argued that the matter pertains to the freedom of press which is a federal responsibility.

Mr. Javed Jabbar, Minister of State for Information and Broadcasting has opposed the adjournment motion on the ground that the Government has nothing to do with the matter and that the allegations about the assailants being supporters of a political party was incorrect. He has also said that the police investigation is in progress and every effort would be made to apprehend the culprits and bring them to trial. The honourable Minister has further said that the Government is doing whatever is possible to indeitify the assailants and to take appropriate action against them. He has also said that there was no delay in the recording of the FIR or in the progress of the investigation. The other day, the honourable Minister of Interior was here in the House and on my query he assured me that the investigation would proceed at an expeditious pace. He also informed me that he had visited the premises himself and that the Management had not complained to him against the investigation being carried out.

Under rule 75(f) of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, an adjournment motion is not admissible unless it relates to a matter which is primarily the responsibility and concern of the Government or to a matter in which the Federal Government has a substantial financial interest. The Government has denied any involvement in the matter and has described the accusation as false. No nexus of the Government with the incident has been established so far. An incident of this nature requires the Government to take appropriate steps for investigation and take all measure for awarding punishment to persons responsible. These steps, according to the honourable Minister, are being taken and the Government has acknowledged its responsibility in this part of the matter. In these circumstances the adjournment motions are hit by rule 75(f) of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988. I, therefore, rule the adjournment motions out of order.

[Mr. Chairman]

However, in view of the concern shown by the Chairman of the Information Committee and the fact that this incident has caused considerable public-wide apprehension, it would be appropriate for the Committee of the House on Information to look into the matter and take such action as they may deem necessary and expedient. Thank you very much.

That ends the adjournment motions. Now we proceed with the debate.

قاضی عبداللطیف : پوائنٹ آف آرڈر ۔ گزارش یہ ہے کہ آپ کی توجہ ایک مخصوص مسئلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں اگرچہ آپ آج جس موڈ میں بیٹھے ہیں شاید اس کا حشر بھی یہی ہوگا میں ایک تحریک استحقاق تھی اور سات تحریک التواء اور بعض سات میں سے پانچ تحاریک التواء کا تعلق میزائلوں سے تھا اور جس کے ساتھ اخبارات کی کٹنگ تھی اس وقت ان کی تاریخیں سب میرے پاس موجود ہیں د، بعض ایک میں بھارتی نمائندے نے سلامتی کونسل میں دھمکی دی تھی اور ایک وہ تھی جو افغانستان کے کونسلر نے دھمکی دی تھی لیکن ان سب کو سمیٹ کر رکھ دیا گیا ہے اور اسی کا نتیجہ ہے کہ آج بار بار ہم پر میزائل آ رہے ہیں اس لیے کہ ہم نے اس اہم ترین مسئلے کی طرف بھی توجہ نہیں دی اس کے متعلق تو شاید ڈاکٹر صاحب بھی یہ کہتے کہ واقعتاً اس کا تعلق سارے ملک سے ہے اور ملک کی سلامتی سے ہے اور تحریک استحقاق نئی روشنی کے متعلق تھی جس پر ہمارے جاوید جبار صاحب نے وزیر تعلیم کی جانب سے یہاں یقین دہانی کرائی تھی ۱۷ فروری کو کہ نہ تو اس سکیم کو ختم کیا جا رہا ہے اور نہ اس کو صوبوں کے حوالے کیا جا رہا ہے لہٰذا کسی کے بیروزگار ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اسی پر یہ تحریک استحقاق تھی لیکن نہ تو مجھے یہ بتلایا گیا ہے کہ کیوں مسترد کی گئی ہیں، کیوں چھوڑ دی گئی ہیں . . .

جناب چیئرمین : قاضی صاحب آپ مہربانی کر کے میرے دفتر میں مجھ سے رابطہ کریں میں اس کو دیکھ لوں گا ویسے ڈاکٹر صاحب سے پوچھ لیتے ہیں کہ میزائل کا گرنا آپ public importance مانتے ہیں یا نہیں مانتے ۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : مجھے اس پر اعتراض ہے کہ رول ۲۱۶ کی جو یہ خلاف ورزی فرما رہے ہیں جبکہ ایک آئیٹم ایجنڈے پر تھا اور شروع میں آنا چاہیئے تھا اگر اس کے بارے میں یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر اٹھاتے تو یہ relevant ہوتا اصل میں

Now he is causing abuse of Rule 216. He is violating this House by causing injury to Rule 216.

اب ہیں اسی میزائل کے بارے میں کیا کہہ سکتا ہوں جب کہ یہ زخمی کر رہے ہیں قواعد کو۔

جناب چیئرمین : میں نے آپ سے پوچھا تھا کہ آئندہ . . . .

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : مجھے تو اس پر sorry کہتا ہے کہ جو قانون قاعدہ اس ہاؤس کو چلانے کے لیے بنایا گیا ہے اس کا یہ قتل عام کر رہے ہیں جو بنیادی چیز ہے میزائل تو بعد کی بات ہے جو ریت پر گرا ہے جس کے ایک splinter سے کوئی آدمی زخمی نہیں ہوا کچھ نہیں ہوا شاید کوئی درخت زخمی ہو گیا ہو public importance کا ان کو پتہ ہو گا مجھے پتہ نہیں ہے۔

جناب چیئرمین : شکریہ ! جی آپ نے ان کا بیان سن لیا۔

قاضی عبداللطیف : جناب والا ! ڈاکٹر صاحب کے ان ارشادات . . .

جناب محمد طارق چوہدری : پوائنٹ آف آرڈر۔ یہ ہاؤس کے رولز کی وائلیشن کس طرف سے ہوئی۔

جناب چیئرمین : کسی طرف سے نہیں۔

I will check the violation. That is my responsibility.

صرف قاضی صاحب کو موقع دیا ہے کیونکہ ان کے سات ایڈجرنمنٹ موشنز نہیں آئیں۔

قاضی عبداللطیف : ڈاکٹر صاحب کے ارشادات کی روشنی میں میں اتنا ہی کہوں گا کہ ان کے پاس تو ایک ہی جواب ہے کہ نہیں، اور نہیں کے سوا تو ان کے پاس کچھ اور ہے نہیں بہرحال میں تو یہ گزارش کروں گا . . . (مداخلت)

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Sir, I want to explain......

(Interruption)

Mr. Chairman: Dr. Sher Afgan Sahib you are only required speak when called upon to do so. This is also the rule. Please de by the rules of the House.

قاضی صاحب آپ کو کوئی شکایت ہے تو پلیز آپ مجھے چیمبر میں مل لیں۔ میں دیکھ گا کہ کیا وجہ ہوئی۔ موشنز آنے میں کیوں تاخیر ہوئی۔ وجہ یہ لگتی ہے کہ اس سیشن کے

[Mr. Chairman]

دوران دو تین اہم موشنز کافی وقت لے گئی تھیں پھر پریذیڈنٹ کے خطاب کے دوران ہم کسی موشن کو نہیں لے سکتے تھے۔

اسی لیے کچھ چیزیں التوا میں پڑ گئی ہیں، لیکن آج مجھ سے مل لیں میں آپ کو ساری چیزیں سمجھا دوں گا۔

قاضی عبداللطیف: ان میں سے کچھ انتہائی اہم تھیں، اور ملک کی سلامتی سے ان کا تعلق تھا۔

جناب چیئرمین: وہ صحیح بات ہے لیکن ان کو رولز کے مطابق ہی دیکھا جا سکتا ہے

Now we continue with the debate on the resolution under Rule 194.

Now we don't have much time today.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Point of order.

جناب چیئرمین: جی جناب، فرمایئے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جو موشن . . . .

جناب چیئرمین: آپ کو موقع ملے گا۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: سر! میں ایک ٹیکنیکل بات عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جی ٹیکنیکل بات بتائیں کہ کیا ٹیکنیکل بات ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ جو موشن دو دن سے متواتر Orders of the Day میں لائی جا رہی ہے کیا پروفیسر صاحب کی یہی موشن ہے یا جو موشن انہوں نے اس وقت پیش کی تھی، وہی موشن ہے۔

جناب چیئرمین: دو چیزیں ہیں، ایک تو ہے قاعدہ ۱۹۴ کے تحت موشن، وہ تو وہی ہے۔ جو ریزولیوشن ہے وہ پروفیسر صاحب نے کہا تھا کہ میں تبدیل کرتا ہوں اور ریزولیوشن میں جو کہا گیا تھا کہ حکومت نے انکار کیا ہے، وہ الفاظ پھر حذف کر دیئے گئے تھے۔ اب جو موشن ہے، وہ ایک Request کی شکل میں ہے، اس کو جب موقع آئے گا تو پروفیسر صاحب پڑھ دیں گے۔

But what is the technical objection ?

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :۔ سر! اس میں ایک اور بات ہے۔

جناب چیئرمین :۔ جی فرمائیے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :۔ ایک تو یہ بات ہے کہ اس وقت جب انہوں نے فوراً کھڑے ہو کر یہ موشن پڑھی تھی، اس کا کیا آپ کو انہوں نے substantial motion کا نوٹس دیا تھا۔

جناب چیئرمین :۔ جی، ہاؤس نے رولز سسپنڈ کئے تھے ان کو اجازت دی گئی تھی۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :۔ تو انہوں نے condone کر دیا،

جناب چیئرمین :۔ condone نہیں کیا، انہوں نے رولز suspend کر کے کہا کہ یہ موشن ہم آج لینا چاہتے ہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :۔ سر! اس وقت دو رولز ہاؤس نے suspend کئے تھے to bring this motion into action.

جناب چیئرمین :۔ بالکل صحیح ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :۔ ایک ۲۲ اور دوسرا ۲۶،

جناب چیئرمین :۔ جی، آگے فرمائیے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :۔ وہ تھے کہ اس دن پرائیویٹ ممبرز ڈے نہیں تھا۔

جناب چیئرمین :۔ جی، آج تو پرائیویٹ ممبرز ڈے ہے

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :۔ اس کو curtail کیا تاکہ یہ لایا جا سکے

جناب چیئرمین :۔ اسی لیے قاعدہ ۱۹۴ کے تحت موشن عام طور پہ پرائیویٹ ممبرز ڈے پر ہوتی ہے۔ اور پھر اپنی ٹرن پر ہوتی ہے، اپنے وقت پر ہوتی ہے۔ ایسے نہیں ہوتا کہ کوئی بھی

[Mr. Chairman]

موشن لے آئیں۔ لہٰذا ان دونوں رولز کو suspend کیا گیا تاکہ وہ موشن جو وقت سے پہلے لائی گئی تھی اور پرائیویٹ ممبرز ڈے اس دن نہیں تھا اور یہ لائی گئی تھی، یہ ایوان نے فیصلہ کیا تھا اس لیے یہ لائی گئی تھی۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: ۔ اس میں میری عرض یہ ہے کہ ایک substantial موشن ہے، ایک ریزولیوشن کا یہ ذکر فرما رہے ہیں۔ اس ریزولیوشن کو لانے کے لیے نوٹس درکار ہوتا ہے۔

جناب چیئرمین: ۔ یہ ایوان نے سب کچھ کر دیا تھا۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: ۔ یہ سب کچھ ایک ہی دفعہ کر لیا تھا . . .

جناب چیئرمین: ۔ ڈاکٹر صاحب، دیکھیے نا، آپ کو پتہ ہے کہ ایوان نے کیا ہے اور یہ ہو گیا ہے۔ یہ پروسیجرل میٹر ہے، ہمارے پاس وقت کم ہے، آج آپ کو پتہ ہے ایوان prorogue ہو رہا ہے

So, I would not like to involve this House unnecessarily in other matters.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: ۔ سر! میں آپ کا ایک منٹ اور لوں گا۔

Mr. Chairman: O.K. I will give you one minute and no more.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: ۔ Yes one minute. کہ جو ریزولیشن موو کرنے کیلئے سپیشل رولز ہیں وہ جو بنیادی Rules ہیں، کیا وہ suspend. ہوئے تھے اس وقت۔

جناب چیئرمین: ۔ کون سے رولز ہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: ۔ ریزولیوشن جو ہے، ۱۱۹، ۱۲۰ اس کے تحت جب رول ۲۲ اور ۲۶ کی suspension ہوئی ہاؤس نے allow کر دیا . . .

جناب چیئرمین: ۔ ابھی تو جناب ریزولیوشن موو نہیں ہوا، ابھی تو ۱۹۴ کے تحت پیش کی ہوئی موشن پر بحث ہو رہی ہے۔ ریزولیوشن تو آج موو ہو گا۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :۔ ریزولیوشن انہوں نے پیش فرما دیا ہے۔

جناب چیئرمین :۔ پوائنٹ یہ ہے کہ یہ ریزولیوشن ڈیبیٹ کے end پر موو ہوگا، آپ ریزولیوشن کے رولز دیکھ لیں۔ قاعدہ ۱۹۴ کا جو سیکشن ہے وہ دیکھ لیں، اس میں لکھا ہوا ہے کہ at the end of the debate وہ موو کر سکتے ہیں۔

یہ میں قاعدہ ۱۹۴، پڑھ رہا ہوں۔ A motion that the policy or situation

or statement or any other matter be taken into consideration shall not be put to the vote of the Senate, but the Senate shall proceed to discuss such matter immediately after the mover has concluded his speech and no further question shall be put at the conclusion of the debate at the appointed hour unless a member moves a substantive motion in appropriate terms ....

وہ ابھی move کریں گے 'at the end of the debate ابھی تو وہ موو نہیں ہوئی۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :۔ substantive motion ابھی موو ہی نہیں ہوئی۔

جناب چیئرمین :۔ نہیں ہوئی، ابھی قاعدہ ۱۹۴ کے تحت جو موشن ہے اس پر بات ہو رہی ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی :۔ وہ کس پر بیان دے رہے ہیں۔

جناب چیئرمین :۔ جناب! میری عرض تو سنیں قاعدہ ۱۹۴ کے تحت situation discuss ہو رہی ہے۔ جب یہ situation کے اوپر discussion ختم ہو جائے گی، اس کے بعد ایک موشن آئے گی، اس موشن کو آپ oppose کرتے ہوئے جو بھی بات کہیں گے اس کو سن لیں گے۔

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Substantial motion is known as self-contained. If that is brought under Rule 194 then it can be discussed.

جناب چیئرمین :۔ ڈاکٹر صاحب قاعدہ ۱۹۴ کے تحت پیش کردہ موشن پر صرف بحث ہو گی اس پر کوئی ووٹنگ نہیں ہوئی، اس کے بعد انہوں نے ایک موشن دی ہے جس پر ووٹنگ ہو گی قاعدہ ۱۹۴ کے تحت اب بحث ہو رہی ہے، یعنی اب جو انہوں نے ریزولیوشن دیا ہے اس پر بحث نہیں ہو رہی ہے۔ بات موشن پر ہو رہی ہے۔

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: part of that motion which comprises of other matters.

Mr. Chairman: No, no. It is just a discussion there will be no voting on it. There can't be any voting on the motion under Rule 194 but at the end of the motion, under Rule 194 at the end of the discussion a Member can move a substantive motion and on that substantive motion a voting will take place. If you want to oppose it, you oppose it.

اس پر ووٹنگ ہو جائے گی اور فیصلہ ہو جائے گا۔

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Thank you very much.

جناب چیئرمین: جی جناب، I want to finish this. آج ہمارے پاس
وقت کم ہے، تو میری تجویز یہ ہے بلکہ اور کوئی طریقہ بھی نہیں ہے کہ موشن کے اوپر تقریر کے
بعد ہم گورنمنٹ کو موقع دے دیں اور اس کے بعد آپ کا ریزولیوشن جو ہے،
وہ substantive motion take up کر لیں، تا کہ ہمارا وقت پر کام ختم ہو سکے۔

Mr. Chairman: I don't have time today because we have to finish today the debate on motion under Rule 194 and you also have to go to a dinner.

تو آج وقت نہیں ہوگا۔ *(Interruption)*

Already it is quarter to seven, in fact I have to leave also the Prime Minister is coming at 7.15 p.m. I have to be at the Airport to receive her. Mr. Abbas will be taking over from me and I would like that this matter should be finished. So that we prorogue after finishing the discussion on this matter.

ایک موور بہرہ ور سعید صاحب رہ گئے تھے، بہرہ ور سعید صاحب، آج مہربانی کر کے
بہت ہی مختصر تقریر فرمائیں تو آپ کی بہت مہربانی ہوگی، اس کے بعد ہم حکومت کو موقع دے
دیں گے اور اس پر یہ conclude ہو جائے گا، موور کو تھوڑا سا وقت دیں گے

To explain any new matter and then you can put the substantive motion to vote after that.

MOTION UNDER RULE 194

بہت ہی مختصر تقریر،

اخونزادہ بہرہ ور سعید: بسم اللہ الرحمن الرحیم، نحمدہ نصلی علی رسولہ الکریم،

جناب چیئرمین! بہت افسوس کا مقام ہے کہ سینیٹ کے اس تین ہفتے کے اجلاس میں دو دفعہ سینیٹ کو تلخ مسائل زیر بحث لانے کی ضرورت پڑی - اور دونوں دفعہ مرکز نے صوبوں کو شکایت کا موقع دیا اور صوبوں کو شکایت رہی کہ ان کی خود مختاری یا ان کے حقوق میں مداخلت ہو رہی ہے -

میں اس طرف اشارہ کر رہا ہوں اور یہ عرض کر رہا ہوں کہ آئین کے بارے میں ہمارے دوست بار بار فرماتے ہیں کہ ہم آئین کا احترام کرتے ہیں - آئین کے ہر ایک لفظ کو ہم تسلیم کرتے ہیں اور اس پر عمل درآمد کرنے کی گارنٹی دیتے ہیں، لیکن جب اس عمل پر آتے ہیں تو ان کے قول اور فعل میں بڑا فرق آجاتا ہے اور تضاد پایا جاتا ہے صوبوں میں جو خود مختاری کا عمل ہے اس کو آرٹیکل ۲- اے سے لے کر Objectives Resolution تک چونکہ اسے آئین کا substantive part بنایا گیا - اور justiciable بنایا گیا ہے اس میں صوبوں کو مکمل طور پر خود مختاری کا حق دیا گیا ہے اور اس آئین میں، جس کا یہ بار بار ذکر کر رہے ہیں اور یہ بھی کہہ رہے ہیں کہ یہ ایک مقدس گائے ہے - اس میں بھی جو Federal List & Concurrent List بنائی گئی ہے، اس کے علاوہ جو کچھ بھی ہے وہ صوبوں سے متعلق ہے -

مسئلہ جو دوسرا اس وقت اٹھا ہوا ہے، وہ جناب والا! نیشنل اکنامک کونسل کے اجلاس میں ان مسائل پر اتفاق رائے نہ ہو سکنے سے پیدا ہوا ہے - جو عام طور پر ہر سال بجٹ سے پہلے اس کونسل کے اجلاس میں اتفاق رائے ہوتا ہے - یہ پہلی بار نہیں ہے بلکہ جب سے پاکستان بنا ہے، اور جب یہ پاکستان بہت بڑا تھا، ادھر والا پاکستان بھی اس پاکستان کے ساتھ شامل تھا، تو جناب والا! اس وقت بھی ایسے اختلافات پیدا ہوئے تھے مگر ہم نے یہ کوشش کی تھی کہ افہام و تفہیم سے یہ مسئلے حل ہوں - اب کی بار بھی ہمیں توقع ہے کہ مرکز نے جو سٹینڈ لیا ہوا ہے، اگر وہ اس کا حق ہے بھی، جس کو میں سمجھتا ہوں کہ اس کا حق نہیں ہے، لیکن اگر اس کا حق ہے بھی تو فیڈریشن کو قائم رکھنے کے لیے، مرکز کو مضبوط رکھنے کے لیے، ان کو ایک قدم آگے جانا چاہیے اور صوبوں کو ایسی معمولی باتوں پر ناراض کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے - صوبے ہیں تو یہ فیڈریشن ہے اگر صوبے نہیں ہیں تو یہ فیڈریشن کیسے قائم رہ سکتی ہے -

جناب والا! چونکہ اب ان کے اختلافات اتنے بڑھ گئے ہیں اور اس کونسل نے جس کی حیثیت ایڈوائزری ہے آرٹیکل ۱۵۶ پارٹ II میں یہ صاف ہے کہ یہ اکانومک کونسل جو ہے اس کی

[Akhunzada Behrawar Saeed]

پوزیشن ایڈوائزری ہے۔ مگر انہوں نے جو فیصلے کئے ہیں اس کو وہ ایڈوائزری نہ سمجھتے ہوئے اس کو اب بجٹ میں شامل کرتے ہوئے اس پر عمل درآمد کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ بجٹ کے فیصلے بھی، اس کے لیے بھی اس آئین میں اور یہ آئین بنانے والوں نے تین چیزوں کے لیے خاص انتظام کیا ہے جس کے لیے سپیشل پروویژن کے تحت نیشنل اکانومک کونسل، دوسرا کونسل آف کامن انٹرسٹس اور تیسرا نیشنل فنانس کمیشن۔

جناب نیشنل فنانس کمیشن میں صوبوں اور مرکز میں پیسوں کی تقسیم خرچ اور آمدنی کی تقسیم، جو ان کا فنڈ ہے reserve ہے چاہے وہ پیسہ Consolidated Fund ہے چاہے وہ دوسرے فنڈ سے ہے۔ اس میں تقسیم کی جاتی ہے اور اگر ان میں کوئی ایسا فیصلہ نہ ہو تو پھر صدر کے لیے یہ لازمی ہو جاتا ہے کہ وہ کونسل آف کامن انٹرسٹ کی میٹنگ بلائے۔ اور یہ مسئلہ ان کے سامنے پیش کیا جائے۔ اگر وہ یہ فیصلہ کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے تو ٹھیک ہے اگر نہیں تو پھر جناب والا کسی صوبے کو بھی شکایت ہو تو پھر صدر کے لیے یہ لازم ہوتا ہے کہ Joint Session بلائے۔ اور پھر اس Joint Session کو حق حاصل ہے کہ وہ پھر جو فیصلہ کرے وہ فیصلہ binding ہو۔ یہ موشن جو اس وقت قاعدہ 194 کے تحت پیش کیا گیا ہے اس کا مقصد یہی ہے کہ مرکز نے جو stand لیا ہوا ہے اور through out اس سے پہلے وہ پیپلز پروگرام کے متعلق جو کہ صوبائی خود مختاری میں مکمل طور پر مداخلت ہے ان کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ اس پروگرام پر کسی حالت میں بھی صوبائی حدود میں عمل درآمد کرے۔ اس پر عمل درآمد کا حق صرف صوبوں کو حاصل ہے۔ اور اب یہ دوسری چیز آگئی ہے کہ یہ فنڈز تقسیم کرتے ہیں وہاں پانچ چھ ارب اپنے لیے رکھتے ہیں۔ تین تین ارب وہ پھر اسی پروگرام کو، بدنام زمانہ پروگرام کے لیے مختص کرتے ہیں اور پھر وہ کس طریقے سے تقسیم کرتے ہیں کن کے حوالے کرتے ہیں انہی کو ایلیکشن کیا ہے۔ جناب انکے حوالے کرتے ہیں جو عوام نے مسترد کیے ہیں جو کہ بدنام اور شکست خوردہ ہیں۔ مگر یہ ان کو اس لیے فنڈ ملتا ہے کہ وہ خوش ہوں اور اپنی جیبیں بھر لیں۔ عوام چاہے کچھ بھی کہے۔ جناب میری گزارش یہ ہے کہ جس طرف یہ حکومت جا رہی ہے اس کی طرف خاص اور یقینی طور پر یہ اشارہ ملتا ہے یہ authoritarian government کی طرف جا رہی ہے۔ اس کی یہ کوشش ہے کہ یہ فیڈریشن ختم ہو اور یہ سارے اختیارات وزیر اعظم صاحبہ کے پاس آ جائیں۔ یہی چیز ہے کہ ایک دفعہ پھر سینیٹ کو ختم کرتے، آٹھویں ترمیم کے مسئلہ کو اٹھائیں، اور اس طرح سے سارے

